شمارہ نمبر 29

مرتب کردہ: ریسورس موبلائزیشن ڈیپارٹمنٹ

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کا ترجمان

# غزالی نیوز

اپریل 2010ء

## القرآن

کہو، اللہ تمھیں اس سے اور ہر تکلیف سے نجات دیتا ہے پھر تم دوسروں کو اس کا شریک ٹھہراتے ہو (سورۃ الانعام 64)

## الحدیث

حضرت ابن عباس کہتے ہیں کہ نبیؐ نے فرمایا "جو شخص استغفار کو اپنے اوپر لازم قرار دے لیتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے لئے ہر تنگی سے نکلنے کی راہ نکال دیتا ہے۔ اور اسے ہر رنج و غم سے نجات دیتا ہے نیز اس کو ایسی جگہ سے پاک و حلال روزی بہم پہنچاتا ہے جہاں سے اس کو گمان بھی نہیں ہوتا۔ (احمد، ابوداؤد، ابن ماجہ)

E-mail: info@get.org.pk

5-ای، ثمن برگ، جوہر ٹاؤن لاہور فون: 35222705 - 35222702 42 92+

Visit us: www.get.org.pk

## حرفِ آغاز

علم پر ہی کسی معاشرے کی بقا، ترقی اور عروج کا انحصار ہوتا ہے۔

گذشتہ 60 سالوں میں تعلیم کی جو صورتحال ہے وہ محتاجِ بیاں نہیں ہے ...... اور اسے ایسا ہی ہونا تھا ...... کیونکہ تعلیم کی ترقی سے معاشرے میں شعور و آگاہی کی سطح بلند ہوتی ہے اور اس شعور و آگاہی کے بیدار ہونے سے پاکستان میں اقتدار پر قابض گروہ ہمیشہ خوفزدہ رہتا ہے۔ اسی لئے اس گروہ نے آج تک ہمارے نظامِ تعلیم کو بے مقصد، ناقص، ادھورا اور بے سمت رکھا ہے......

لیکن آخر کب تک؟؟؟

ایک ہمہ گیر تعلیمی انقلاب کی جدوجہد کے لئے ہم پُرعزم بھی ہیں اور تیار بھی۔

ہم کو چلنا ہے بہر رنگ سحر ہونے تک

**سید وقاص جعفری**

(صدر غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ)

## امین مکتب اور پنجاب ٹرسٹ کے ذمہ داران کی سپیشل بچوں کے حوالے سے غزالی ٹرسٹ کو بریفنگ






امین مکتب اور پنجاب ٹرسٹ فار ڈس ایبل چلڈرن کے ذمہ داران نے غزالی ٹرسٹ کے ہیڈ آفس کا وزٹ کیا جہاں انہوں نے ایگزیکٹو ڈائریکٹر سید عامر محمود اور سینئر ٹیم ممبران سے ملاقات کے دوران سپیشل بچوں کے لئے جاری پراجیکٹ پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ مشترکہ اجلاس میں گذشتہ دو ماہ سے جاری کوششوں پر تبادلہ خیال کیا گیا جبکہ مستقبل میں ان بچوں کی تعلیم کو جاری رکھنے کے لئے ضروری اقدامات پر بھی بحث کی گئی۔

اس پروگرام میں غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے ذمہ داران کے علاوہ امین مکتب سے مسز خاور نے سپیشل بچوں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی جبکہ پنجاب ٹرسٹ فار ڈس ایبل چلڈرن کے ذمہ دار ڈاکٹر کرنل ظفر اقبال نے بھی اس پراجیکٹ کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی اور سپیشل بچوں کی تعلیم کو جاری رکھنے کے لئے ضروری اقدامات سے اجلاس کے شرکاء کو آگاہ کیا۔ ایگزیکٹو ڈائریکٹر سید عامر محمود نے اس موقع پر مسز خاور کی سپیشل بچوں کے لئے کی جانے والی شاعری کو بھی سراہا اور اس ضرورت پر زور دیا کہ اس کو کتابی شکل میں بھی آنا چاہیے۔

## بورڈ آف ڈائریکٹرز کا سالانہ اجلاس





غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے نئے بورڈ آف ڈائریکٹرز کا پہلا سالانہ اجلاس ٹرسٹ کے ہیڈ آفس میں چیئرمین ٹرسٹ ڈاکٹر سید وسیم اختر صاحب کی صدارت میں منعقد ہوا۔

اجلاس میں ادارے کے کام کے حوالے سے مختلف امور زیر بحث آئے اور وسعت کے ضمن میں تجاویز و آراء پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ادارے کی گذشتہ سال کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ بھی لیا گیا۔ اجلاس میں غزالی سکولز میں معیارِ تعلیم کی بہتری کے ضمن میں مختلف پہلو بھی زیر غور آئے۔ فنڈ ریزنگ بہتر بنانے اور سکولوں کو مستحکم کرنے کے لئے ترجیحات اور آئندہ کی پلاننگ پر مشاورت بھی کی گئی۔ اراکین بورڈ نے ٹرسٹ کے تعلیمی محاذ پر کئے جانے والے کام میں استحکام اور اضافے کو خوش آئند قرار دیا۔

اجلاس میں ہر ضلع میں ایک ماڈل سکول بنانے کی ضرورت پر بھی زور دیا گیا تاکہ نتائج کے اعتبار سے ادارے کا معیار مزید بہتر ہو سکے۔ اس کے علاوہ مارکیٹنگ اور پروموشن کے حوالے سے بھی وسیع پیمانے پر کام کرنے کی ضرورت پر زور دیا گیا۔ اجلاس میں سید وقاص جعفری، نذیر احمد جنجوعہ، میاں عبدالشکور، ڈاکٹر اشتیاق احمد گوندل، ڈاکٹر افتخار احمد کھوکھر، سمیعہ راحیل قاضی، میمونہ احمد، پروفیسر اختر عباس، زاہد اختر بلوچ، میاں محمد اسماعیل، راؤ محمد ظفر، طیبہ عاطف، محبوب الزمان بٹ، پروفیسر سید محمد عباس، عامر محمود چیمہ اور سید عامر محمود نے شرکت کی۔

# سکولز کارنر

## پی ٹی ایم

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سکول کماہاں میں والدین اور اساتذہ کے تعلق کو مضبوط کرنے کے لئے پی ٹی ایم (Parents Teacher Meeting) منعقد ہوئی جس میں والدین نے پرنسپل اور اساتذہ کے ساتھ تفصیلی ملاقاتیں کیں اور بچوں کی تعلیمی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔ اس موقع پر بچوں کے امتحانی نتائج پر تبادلہ خیال کیا گیا اور ان کی تعلیمی کارکردگی مزید بہتر بنانے کے لئے مشاورت بھی کی گئی۔ والدین کی جانب سے اس سلسلے کو بے حد سراہا جاتا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ اساتذہ کے ساتھ براہِ راست رابطہ بچوں کے بہتر اور روشن مستقبل کی راہیں ہموار کرتا ہے اور والدین کو بھی یہ تسلی ہوتی ہے کہ ان کے بچے کس پوزیشن پر ہیں نیز یہ کہ انہیں مزید کتنی توجہ کی ضرورت ہے۔

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سکول جنڈانوالہ میں اساتذہ اور والدین کے درمیان باہم روابط اور تعلق کو مضبوط کرنے کے لئے PTM کا انعقاد ہوا۔ جس میں والدین کو ان کے بچوں کی تعلیمی کارکردگی سے آگاہ کیا گیا اور کمزوریوں کو دور کرنے کے لئے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔

## چمکتے ستارے

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سکولز 77-JB اور 79-JB کے کلاس پنجم کے طلبہ وطالبات نے تعلیمی میدان میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا جس پر حکومت پنجاب نے ان طلبہ وطالبات کو تین لاکھ روپے سے زائد رقم بطور وظیفہ دینے کا اعلان کیا ہے۔

## بہترین طلباء کے لئے خصوصی رعایت کا اعلان

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سکول اڈہ پل 93 فیصل آباد میں حفظ قرآن کلاس کا آغاز کیا گیا ہے جس کے تحت طلباء کو نصابی تعلیم کے ساتھ ساتھ حفظ قرآن پر بھی توجہ دی جائے گی۔ اس کے علاوہ سکول انتظامیہ کی جانب سے اس بات کا فیصلہ بھی کیا گیا ہے کہ امتحانات میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ وطالبات کو سکول کی فیس میں 50 فیصد تک رعایت دی جائے گی جبکہ 90 فیصد سے زائد نمبر حاصل کرنے والے طلبہ وطالبات کی فیس مکمل معاف کردی جائے گی۔

## تعلیم کے ساتھ ساتھ کھیل میں بھی نمبرون

غزالی سکول نور پور تھل نے کھیلوں کے مقابلے کے ضمن میں منعقد ہونے والے کرکٹ ٹورنامنٹ میں تحصیل بھر میں پہلی پوزیشن حاصل کی۔ ڈسٹرکٹ مینیجر مرزا فاروق حیدر نے سکول کے طلباء اور پرنسپل کو اس کامیابی پر مبارکباد دی اور صحت افزاء ہم نصابی سرگرمیوں کے فروغ کے لئے تمام وسائل مہیا کرنے کی یقین دہانی کرائی۔ اس ٹورنامنٹ کے مین آف دی میچ کلاس ہفتم کے طالبعلم رانا ذیشان قرار پائے۔



## یوم یکجہتی کشمیر پروگرامات

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سکولز فیض آباد، شنکیاری اور بٹکرڑ، ٹوبہ ٹیک سنگھ کے گیارہ سکولوں، ضلع وہاڑی کے دس سکولوں، ڈیرہ غازی خان اور مظفر گڑھ کے آٹھ سکولوں، چک ظفر نگر، ضلع جھنگ، رحیم یار خان، بہاولپور اور فیصل آباد شمالی کے تمام سکولوں، ٹھل حمزہ، میانوالی وبھکر کے سکولز موچھ، محمود والا، ٹبہ قریشیاں اور بہل، ضلع منڈی بہاؤالدین کے سکولز ہیلاں، مرالہ، ڈھوک کاسب اور پاہڑیانوالی، سیالکوٹ کے سکولز بٹر، دھیرا سندا، موترہ، چٹی شیخاں، بھرتھ، خانیوال کے سکولز اڈہ چھب کلاں، بلوچاں والا، جیمس آباد، رسول پور، شام کوٹ، پیرے والا موڑ، پل پکوڑی، راولپنڈی، اسلام آباد کے سکولز آہدی، مستالہ، کونتریلہ، کامرہ قائد، بھگوال، رھنہ سادات اور سرگودھا، خوشاب اور مانسہرہ کے تمام سکولوں میں کشمیر ڈے کے موقع پر واک اور مختلف تقریبات کا اہتمام کیا گیا جن میں طلباء، اساتذہ کے علاوہ والدین، سیاسی وسماجی شخصیات اور اہل علاقہ نے بھی شرکت کی۔



پروگرام کے ذریعے طلباء میں مسئلہ کشمیر کی اہمیت اجاگر کی گئی اور کشمیر کے تناظر میں پاکستان اور ہندوستان کے تعلقات کے حوالے سے طلباء کی ذہنی آبیاری کی گئی جبکہ کشمیر کی تاریخ، جغرافیے اور الحاق کے حوالے سے بھی سیر حاصل گفتگو ہوئی۔ اس موقع پر طلباء نے ملی نغموں، ٹیبلو اور تقاریر کے ذریعے جدوجہد آزادی کشمیر اور شہداء کی لازوال قربانیوں کو خراجِ عقیدت پیش کیا جبکہ تقریبات کے آخر میں کشمیریوں سے اظہارِ یکجہتی کے لئے واک کا اہتمام بھی کیا گیا جس میں مقررین اور شرکاء نے یہ مطالبہ کیا کہ نہتے کشمیری مسلمانوں پر ظلم روا رکھنے کا سلسلہ فی الفور ختم کر کے مسئلہ کشمیر کو اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حل کیا جائے۔ کشمیریوں سے اظہارِ یکجہتی کے لئے انسانی ہاتھوں کی زنجیر بھی بنائی گئی۔








## عطیات

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سکول نور پور تھل میں لوکل سکول کمیٹی کا اجلاس ہوا۔ اس موقع پر ممبر سکول کمیٹی حاجی غلام عباس نے سکول کو ہینڈ پمپ بطور عطیہ دیا جبکہ تحصیلدار محمد حسین خان نے قرآن کے ٹیچر کی تنخواہ اپنی جیب سے ادا کرنے کا اعلان کیا۔

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے ناروے میں مقیم معاون عبدالستار طاہر نے بھکر (بہل) میں سکول اڈاپشن پراجیکٹ ضمن میں ٹرسٹ کو فنڈنگ کی۔ اس فنڈ سے بہل میں سکول کی جگہ (زمین) کا انتخاب کرلیا گیا ہے جبکہ آئندہ چند دنوں میں یہاں تعمیرات کا مرحلہ شروع ہوجائے گا۔ ٹرسٹ کے ذمہ داران نے عبدالستار طاہر کی اس کاوش کو سراہا ہے اور دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کے اس عمل کو صدقہ جاریہ بنائے۔

**عطیہ کمپیوٹر لیب** کینیڈا میں مقیم ادارے کے معاون ڈاکٹر خالد تنگ نے غزالی ہیڈ آفس کا وزٹ کیا اور ذمہ داران سے ملاقاتیں کیں۔ انہوں نے تعلیمی میدان میں ٹرسٹ کی کاوشوں کی تعریف بھی کی بعد ازاں انہوں نے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سکول 79 ج ب کا وزٹ کیا اور طلباء کی شاندار تعلیمی کارکردگی کو سراہتے ہوئے سکول کو کمپیوٹر لیب سے آراستہ کرنے کا اعلان بھی کیا۔ انہوں نے ہیڈ آفس کی وساطت سے سکول کو 15 جدید کمپیوٹرز کا عطیہ دیا جن سے مستفید ہوکر طلباء دورحاضر کی جدید تعلیم سے آراستہ ہوسکیں گے۔
اس ضمن میں کمپیوٹر لیب کا افتتاح انجینئر افتخار حسین نے کیا جبکہ ڈاکٹر خالد تنگ کی طرف سے زرعی یونیورسٹی کے وفد نے افتتاح کی تقریب میں شرکت کی۔

## سیرتِ رسولؐ پروگرامات

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سکولز میں ماہ ربیع الاول کے تناظر میں سیرتِ رسولؐ کے حوالے سے تقریبات منعقد ہوئیں جن میں طلباء کو سیرتِ رسولؐ سے آگاہی دی گئی اور ان کے دلوں میں عشق مصطفیٰ اجاگر کرنے کے لئے نعتوں، لیکچرز، تقاریر اور سیرتِ النبیؐ پر کوئز مقابلوں کے ذریعے نبیؐ کی حیات طیبہ پر روشنی ڈالی۔ تقریبات میں علماء، سیاسی وسماجی شخصیات، لوکل سکول کمیٹی کے ممبران اور اہل علاقہ نے شرکت کی۔ مقررین نے سیرت کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی اور طلباء کو بتایا کہ حضورؐ کی حیات مبارکہ تمام انسانیت کے لئے کامل نمونہ ہے۔ ہماری اجڑی زندگیوں میں بہار صرف حضورؐ کی سنت پر عمل کرنے اور اپنے روزمرہ معمولات کو اسوہِ رسولؐ کے مطابق ڈھالنے سے ہی آسکتی ہے۔
مقررین نے اس امر کی ضرورت پر زور دیا کہ اپنے اردگرد سیرت رسولؐ کا پیغام عام کرنے کے لئے طلباء اپنے آپ کو نبیؐ کے بتائے گئے طریقوں کے مطابق ڈھال لیں اور اسوہِ رسولؐ کے مطابق اپنی منزل کا تعین کریں۔ مقررین نے والدین اور اساتذہ پر بھی زور دیا کہ بچوں کی تعلیماتِ رسولؐ سے آشنائی پر خصوصی توجہ اور نبیؐ کی سیرت وکردار کی روشنی میں طلبہ کی تربیت اور ان کے دلوں میں محبت رسولؐ اجاگر کرتے ہوئے انہیں عملی مسلمان کے روپ میں ڈھالنے کی کوشش میں ہی ہماری دنیاوی واخروی کامیابی، فلاح، خوشحالی اور ترقی کا راز پوشیدہ ہے۔ اس ضمن میں غزالی سکولز ضلع وہاڑی، مانسہرہ کے تمام سکولز، ضلع جھنگ، وجھ سرگودھا، نور پور تھل، حاجی پور، بستی ترک، چک 173، میانوالی بھکر، 79- 78 ج ب فیصل آباد بہل، محمود والا، ہیلاں، کوٹ رحم شاہ، ڈھوک کاسب، پاہڑیانوالی، ڈھوک مراد، مرالہ، البدر، چک 47، چک ظفرنگر، چٹی شیخاں، بٹر، دھیر اسندا، بھڑتھ، بھڑتھانوالہ، کلووال، آھدی، مستالہ، کونتریلہ، موہڑاماڑی، پنڈ بھگوال، کامرہ قائد، برھان، بھگوال، ڈونگی اور حصال کے غزالی سکولز میں ماہ ربیع الاول کے حوالے سے خصوصی تقریبات منعقد ہوئیں۔






## کے سی سلیبس کی تیاری......
## شعبہ آر اینڈ ڈی کی اہم پیشرفت

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کی اپنے قیام سے ہی یہ خواہش تھی کہ ابتدائی کلاس ''کے سی'' کے لئے اپنا سلیبس تیار کرے جو دیہات میں مقیم طلباء کی ضروریات اور ذہنی معیار کے مطابق ہو۔ شعبہ آر اینڈ ڈی کی ٹیم کو اس کا بھرپور کریڈٹ جاتا ہے کہ اس نے ''کے سی'' کلاس کے لئے اردو، انگریزی اور ریاضی کے قاعدوں کی بروقت تیاری اور طلباء کے لئے ارزاں نرخوں میں دستیابی کو ممکن بنایا۔ تعمیر سیرت، ڈرائینگ بکس اور رائٹنگ بکس سمیت غزالی ٹرسٹ کی اپنی کتب کی تعداد 23 ہوگئی ہیں۔ یاد رہے کہ ان کتب کی تیاری کا بنیادی مقصد دور دراز اور پسماندہ دیہات میں قائم غزالی سکولز کی ضروریات کے مطابق ایسا نصاب مہیا کرنا ہے جس کی تدریس نسبتاً آسان اور بچوں کی ذہنی ضروریات اور نفسیات کے عین مطابق ہونے کے ساتھ ساتھ کم قیمت پر انہیں میسر آسکے۔



# ورکشاپس

## سٹریٹیجک ورکشاپ




غزالی ٹرسٹ کے زیرِاہتمام سٹریٹیجک پلاننگ کے ضمن میں ''سٹیک ہولڈرز'' کے موضوع پر ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔ ورکشاپ کے سہولت کار دبئی میں مقیم غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے لائف ٹائم ممبر اور دانشور محمد خلیق تھے جنہوں نے سٹیک ہولڈرز کی اہمیت اجاگر کرتے ہوئے ٹرسٹ کے اجتماعی کام کا جائزہ لیا اور اس بات پر بحث کی گئی کہ ہمارے سٹیک ہولڈرز کون ہیں، ان کی ادارہ سے کیا توقعات ہیں اور وہ کس حد تک اس کے معاون ثابت ہو رہے ہیں۔ تاکہ منصوبہ بندی کرتے ہوئے تمام Stakeholders کی توقعات کو زیادہ سے زیادہ ملحوظِ خاطر رکھا جا سکے۔ ورکشاپ کا ماحاصل یہ رہا کہ ادارے کے کام میں مزید وسعت اور بہتری کے لئے تمام Stakeholders سے براہ راست وقتاً فوقتاً فیڈ بیک لیا جاتا رہے اور ادارے میں کردار اور صلاحیت کے امتزاج کو بنیادی اہمیت دی جائے۔ ورکشاپ میں ٹرسٹ کے ممبر بورڈ آف ڈائریکٹرز، منیجمنٹ سٹاف، فیلڈ سٹاف اور دارِ ارقم ہیڈ آفس کے ذمہ داران نے بھی شرکت کی۔

## صوبہ سرحد میں جائزہ اور پیمائش پر ٹیچر ٹریننگ ورکشاپ

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سکولز مانسہرہ، بٹگرام کے اساتذہ کے لئے شعبہ آر اینڈ ڈی کے زیرِاہتمام ایک روزہ ورکشاپ کا اہتمام کیا گیا۔ ورکشاپ کا عنوان ''جائزہ اور پیمائش'' تھا۔ پروگرام کے سہولت کار مینیجر پاکستان رورل ایجوکیشن پروگرام شہید الحق ظفر تھے۔ جبکہ ایگزیکٹو ڈائریکٹر سید عامر محمود اور امریکہ سے ایف او ایف کے جنرل سیکرٹری یونس شاہد صاحب نے خصوصی شرکت کی۔

## ریفریشر کورسز انگلش و ریاضی برائے ماسٹر ٹرینرز



غزالی سکولز کے ریاضی اور انگریزی کے ماسٹر ٹرینرز کے لئے دو مختلف ریفریشر کورسز منعقد کئے گئے۔ ان کورسز کے انعقاد کا بنیادی مقصد یہ تھا کہ ماسٹر ٹرینرز کو سکول Based ٹریننگ میں درپیش مشکلات کے حل میں عملی مدد فراہم کی جائے اور سکولز میں درس و تدریس کے عمل کو مزید موثر کرنے کے لئے جدید طریقے متعارف کروائے جائیں۔ اس موقع پر سینئر پروگرام کوآرڈینیٹر ندیم اشرف باجوہ نے شرکاء کے ساتھ اوپن سیشن بھی کیا جس میں غزالی کے کام کی تفہیم اور مزید بہتری کے لئے مختلف تجاویز زیرِغور آئیں اور گروپ ورک کی صورت میں عملی تجاویز بھی اکٹھی کی گئیں۔ شرکاء نے آفاق کے ماسٹر ٹرینرز کامران رفیع، عاصم حبیب بٹ اور آفتاب احمد کا بھی شکریہ ادا کیا۔

دریں اثناء ریاضی کے ریفریشر کورس کی اختتامی تقریب میں ڈاکٹر شجاع سلیم (امریکہ) ہمراہ ممبر بورڈ آف ڈائریکٹر عامر محمود چیمہ نے خصوصی شرکت کی۔ انہوں نے شرکاء سے پیشہ معلّمی کے تقدس اور اہمیت کے بارے میں تفصیلی گفتگو کی اور شرکاء میں اسناد بھی تقسیم کیں۔

## پازیٹو سائیکالوجی ورکشاپ

غزالی ٹرسٹ کے زیرِاہتمام ہیڈ آفس کے سٹاف کی شعوری صلاحیتیں مزید پروان چڑھانے کی غرض سے پازیٹو سائیکالوجی ورکشاپ کا اہتمام کیا گیا۔ ورکشاپ میں Positive Attitude (مثبت سوچ اپنانے) کے موضوع کو بنیاد بنا کر یہ بتایا گیا کہ ایک فرد کس طرح مشکل سے مشکل حالات میں بھی اپنی سوچوں کو مثبت رکھتے ہوئے قوتِ ارادی کو مضبوط بنا سکتا ہے۔ ورکشاپ کو جی سی یونیورسٹی لاہور سے فارغ التحصیل ایم ایس سی سائیکالوجی دانیا جاوید اور راحیل احمد نے ٹرینرز کے طور پر کنڈکٹ کیا۔




دونوں ٹرینرز نے اپنے اپنے تعلیمی اور دیگر تجربات کی روشنی میں شرکاء کو بتایا کہ کس طرح وہ مشکل وقت میں بھی ہمت چھوڑنے اور حوصلہ ہارنے کی بجائے اپنی قوت ارادی کو مضبوط رکھ سکتے ہیں اور سوچوں کو مثبت کرتے ہوئے اپنی زندگی کے اس بحران سے نکل سکتے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ ہمیشہ اچھا سوچنے، خوش رہنے، ہر پریشانی میں اس کا روشن پہلو تلاش کرنے اور خوداعتمادی سے ہی ہم زندگی کے ہر میدان میں کامیاب ہو سکتے ہیں۔ اور یہ ہم پر منحصر ہے کہ ہم کسی پریشانی سے کتنی جلدی نکل پاتے ہیں۔ ورکشاپ میں زندگی کامیاب بنانے، خوش رہنے اور دوسروں کو خوش رکھنے کے مختلف نکات پر بھی روشنی ڈالی گئی۔



# غزالی فورمز

## پاک انڈیا تعلقات



غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے تحت ''پاکستان اور انڈیا کے تعلقات'' پر بحث کے لئے پاکستان آئیڈیالوجی بورڈ کے چیئرمین ڈاکٹر سہراب کو مدعو کیا گیا جنہوں نے پاکستان بننے کے مناظر، تحریک پاکستان کے نتیجے میں پیدا ہونے والے حالات، نتائج اور تقسیم کے بعد دونوں ملکوں کے مابین مسائل کا ذکر کیا۔ ڈاکٹر سہراب نے بتایا کہ اس وقت دونوں ممالک کے درمیان کشیدگی کی سب سے اہم وجہ مسئلہ کشمیر ہے جب تک اسے حل نہیں کیا جاتا دونوں ہمسایوں کے درمیان تعلقات اس وقت تک معمول پر نہیں آسکتے۔ پروگرام میں کشمیر کے علاوہ دونوں ممالک کے دیگر مسائل پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا اور اس امر پر اتفاق کیا گیا کہ کشمیر کا مسئلہ کشمیری قوم کی امنگوں اور خواہشات کے مطابق حل کیا جائے تاکہ دونوں ممالک کے درمیان مفاہمت کی فضا پیدا ہو اور اچھے تعلقات کے ساتھ یہ ممالک دنیا میں احترام کی نگاہ سے دیکھے جاسکیں۔

## اسلامی اور مغربی تہذیب کا موازنہ



اس پروگرام کے مربی ڈاکٹر مستفیض علوی تھے۔ جنہوں نے اسلامی اور مغربی تہذیب کے مختلف پہلوؤں کو اجاگر کیا۔ انہوں نے قرآن اور سیرت نبیؐ کے تناظر میں مختلف آیات اور احادیث کا ترجمہ اور تشریح بیان کرتے ہوئے اسلامی اور مغربی تہذیبوں اور اس ضمن میں اسلام اور مغرب کا نقطہ نظر واضح کیا۔ انہوں نے بتایا کہ یہ اسلامی تہذیب ہی تھی جس نے آج سے سینکڑوں سال پہلے انسان کو گمراہی سے نکال کر اخلاق کے اس بلند مقام پر فائز کیا جس کا تصور بھی مادیت پرستی کے موجودہ دور میں ناممکن ہے۔ انہوں نے کہا کہ مغربی تہذیب انسان کو تحفظ نہیں دے سکی مگر اسلامی تہذیب میں پناہ لینے والے افراد کو ہر قدم پر تحفظ اور راہنمائی حاصل ہے۔ اسلامی تہذیب بلاشبہ ایک مہذب تہذیب ہے جس نے ہر دور میں انسانوں کو کامیابی اور ہدایت کا راستہ دکھایا اور اسے بھٹکنے سے بچایا۔ ڈاکٹر مستفیض علوی نے اپنی گفتگو کو مختصر کرتے ہوئے کہا کہ اسلامی تہذیب کے جس پہلو کو بھی دیکھا جائے ہمیں معاشرت اور تمدن کا عکس نمایاں دکھائی دیتا ہے جبکہ مغربی تہذیب میں اس سے پہلوتہی کی گئی ہے۔

## چلو چلو غزالی سنگ، محبتوں کی چھاؤں میں

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سکول پاہڑیانوالی ضلع منڈی بہاؤالدین کے پرنسپل مرزا سنور اقبال نے غزالی سکولز پر ایک نظم لکھی ہے جس میں سکول کے کردار اور اس پہلو کو اجاگر کیا گیا ہے کہ غزالی سکولز اپنے طلباء کو کردار، اخلاق اور تعلیم کے لحاظ سے کس سطح پر دیکھنا چاہتے ہیں۔ مرزا سنور اقبال کے چند جذبات قارئین کے پیش خدمت بھی ہیں۔


چلو چلو غزالی سنگ، محبتوں کی چھاؤں میں
ہمیں ہے علم بانٹنا ہر اک نگر میں گاؤں میں

یہی ہے اپنی آرزو ہماری اک مثال ہو
ہم اس طرح کا علم دیں جو علمِ لازوال ہو
بڑھا چلے، بڑھا چلے، بڑھا چلے، رکے نہیں
ہمارا ہر معمار ہی کچھ ایسا باکمال ہو

چلو چلو غزالی سنگ، محبتوں کی چھاؤں میں
ہمیں ہے علم بانٹنا ہر اک نگر میں گاؤں میں

ہر ایک نونہال ہی ''عزیز'' سا جواں بنے
نڈر، غیور، جنگجو وطن کا پاسباں بنے
ہر اک کو جس پہ ناز ہو فخر بھی اعتماد بھی
میں چاہتا ہوں اے خدا! یہ ایسا کارواں بنے
چلو چلو غزالی سنگ، محبتوں کی چھاؤں میں
ہمیں ہے علم بانٹنا ہر اک نگر میں گاؤں میں

(مرزا سنور اقبال ظاہروی)



## سویڈن کے معروف سکالر کا دورہ ہیڈ آفس

سویڈن کے معروف سکالر، محقق اور لکھاری دین سیال چوہدری نے ٹرسٹ کے ہیڈ آفس کا دورہ کیا اور ایگزیکٹو ڈائریکٹر سید عامر محمود سے ملاقات کی۔ اس ملاقات میں سید عامر محمود نے انہیں ٹرسٹ کی کارکردگی سے آگاہ کیا جبکہ دین سیال چوہدری نے ادارے کو اپنی لکھی گئی مختلف کتب تحائف کے طور پر پیش کیں جنہیں ہیڈ آفس کی لائبریری کی زینت بنانے کے ساتھ ساتھ مختلف سکولوں میں بھی بھیجا گیا ہے جہاں اساتذہ ان سے مستفید ہو کر اپنے علم وادب میں اضافہ کرسکیں گے۔

# غزالی کالج برائے خواتین اسلام آباد کی سرگرمیاں

## غزالی کالج برائے خواتین اسلام آباد کی سائنسی مقابلے میں تیسری پوزیشن

غزالی کالج برائے خواتین (سکول سیکشن) اسلام آباد نے سائنس انفارمیشن کے حوالے سے ضلعی سطح پر ہونے والے مقابلے میں تیسری پوزیشن حاصل کی۔ نمائش کا اہتمام راولپنڈی کے پرائیویٹ سکولز نیٹ ورک (PSN) نے کیا جس میں دیگر تعلیمی اداروں کی طالبات کے ساتھ ساتھ غزالی کالج برائے خواتین (سکول سیکشن) کی طالبات نے بھی حصہ لیا۔ کالج کی ''ننھی سائنسدانوں'' (طالبات) نے Food Chain اور Endagered Animals of Pakistan کے سائنسی ماڈلز تیار کئے۔ سینیٹر ایس ایم ظفر نے بطور مہمان خصوصی سائنس میلے کا دورہ کیا اور طالبات کی ذہنی صلاحیتوں کو سراہا۔ انہوں نے اس امر پر اظہار مسرت کیا کہ اگر ان ننھے ذہنوں کی یونہی آبیاری کی جاتی رہے تو یہ مستقبل میں پاکستان کے اچھے تخلیق کار بن سکتے ہیں۔ سینیٹر ایس ایم ظفر نے کالج کی طالبات جویریہ محبوب اور امبر ساجد کو خصوصی شیلڈ اور سرٹیفکیٹس دیئے۔ کالج کے ڈائریکٹر عبدالسلام نے اس کامیابی پر طالبات اور اساتذہ کو مبارکباد پیش کی۔

## غزالی کالج برائے خواتین اسلام آباد کی طرف سے میڈیکل کیمپ کا انعقاد

غزالی کالج برائے خواتین اسلام آباد میں سکول ہیلتھ پروگرام کے تعاون سے دوروزہ میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں ماہر وتجربہ کار لیڈی ڈاکٹرز کی ٹیم نے طالبات اور سٹاف کا سالانہ میڈیکل چیک اپ کیا۔ میڈیکل چیک اپ میں نظر کا معائنہ، ناک کان وگلہ کا معائنہ اور دانتوں کا معائنہ شامل ہے۔ چیک اپ کے بعد تمام طالبات کی میڈیکل فائل تیار کی گئی اور طبی ہدایات دی گئیں۔ اس کے ساتھ ساتھ طالبات اور سٹاف کے لئے فرسٹ ایڈ کے حوالے سے خصوصی ٹریننگ سیشن بھی کرائے گئے۔

## غزالی کالج برائے خواتین اسلام آباد میں 3 روزہ فرسٹ ایڈ ٹریننگ

غزالی کالج برائے خواتین میں Awam Foundation کے تعاون سے 3 روزہ فرسٹ ایڈ ٹریننگ کا انعقاد کیا گیا۔ ٹریننگ میں کالج کی سینئر کلاسز کی طالبات اور اساتذہ شریک ہوئے۔ اس موقع پر Awam Foundation کی ٹیم نے طالبات اور اساتذہ کو ابتدائی طبی امداد کے حوالے سے مختلف امور پر لیکچرز دیئے اور انہیں حادثات میں فرسٹ ایڈ کے حوالے سے راہنمائی دی۔ اس موقع پر فاؤنڈیشن کی طرف سے کالج کو فرسٹ ایڈ بکس کا تحفہ بھی دیا گیا۔

## غزالی کالج برائے خواتین کو فیڈرل بورڈ کا امتحانی مرکز بنادیا گیا

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے لئے یہ امر باعث مسرت ہے کہ فیڈرل بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن اسلام آباد نے بہارہ کہو اور ملحقہ علاقوں کی طالبات کے لئے میٹرک اور انٹرمیڈیٹ کے امتحانات کے لئے غزالی کالج برائے خواتین اسلام آباد کو امتحانی مرکز بنادیا ہے۔ بہارہ کہو میں سینکڑوں تعلیمی اداروں میں سے امتحانی مرکز کے لئے غزالی کالج کا انتخاب یقیناً کالج کے تعلیمی معیار اور اس میں موجود سہولیات کا اعتراف ہے۔

## IMPACT STUDY

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے شعبہ ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ کے زیر اہتمام اپنی نوعیت کی ایک اہم سرگرمی ہوئی جس کے مطابق ٹرسٹ کے 50 سکولز میں وزٹ کے لئے ایک تین رکنی کمیٹی تشکیل دی گئی جس میں اسلامی نظامت تعلیم پاکستان کے جوائنٹ ڈائریکٹر عامر شہزاد، شعبہ ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ غزالی ٹرسٹ کے سینئر پروگرام کوآرڈینیٹر ندیم اشرف باجوہ جبکہ ریسرچ ایکسپرٹ کے طور پر فاروق گیلانی شامل تھے۔ دوران وزٹ مختلف بچوں کے والدین/سرپرست، مقامی آبادی کے افراد، پرنسپلز، اساتذہ کرام اور طلباء کے علاوہ ڈی ایم ایس، بورڈ ممبرز اور ہیڈ آفس سٹاف سے انٹر کے ذریعے سوالنامے پُر کرائے گئے۔ سوالناموں کے ذریعے مذکورہ افراد سے ادارے کی اب تک کی کارکردگی اور کام کے اثرات کے حوالے سے ان کا نقطہ نظر لیا گیا۔

اس کے ساتھ ساتھ معیارِ تعلیم کی بہتری کے حوالے سے بھی مختلف تجاویز اکٹھی کی گئیں اور اساتذہ اور دیگر ذمہ داران کی ٹرسٹ اور ٹرسٹ کے ذمہ داران سے توقعات بھی جاننے کی کوشش کی گئی۔ اس اہم سرگرمی کا بنیادی مقصد یہ معلوم کرنا تھا کہ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ اور اس کے کام کو مقامی اور مرکزی سطح پر کس نظر سے دیکھا جارہا ہے نیز ٹرسٹ کے مقاصد کی تفہیم وہم آہنگی میں کس حد تک کامیابی حاصل ہوئی ہے۔





# تقریب رونمائی

غزالی ایجوکیشن فورم کے زیر اہتمام ناروے کے معروف ماہر تعلیم اور دانشور محمد اظہر علی کی تصانیف ''خوابوں کے پھول، حقیقت کے روپ'' اور ''شوق کا اجالا'' کی تقریب پذیرائی منعقد ہوئی جس کی صدارت بانی غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ اور ڈائریکٹر ادارہ معارف اسلامی حافظ محمد ادریس نے کی جبکہ صدر ٹرسٹ سید وقاص جعفری، اظہر اقبال حسن، ڈاکٹر اشتیاق احمد گوندل، محمد مشتاق مانگٹ اور دیگر بھی اس موقع پر موجود تھے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مصنف کی علمی کاوشوں کو سراہا گیا اور ناروے میں اسلام کی ترویج کی کوششوں کو بھی خراج تحسین پیش کیا گیا۔ حافظ محمد ادریس نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ان کتب میں ناروے کے ساتھ ساتھ دیگر ممالک کے معاشرتی حالات اور وہاں کی مسلم کمیونٹی کی جدوجہد بیان کی گئی ہے اور یہ باور کرایا گیا ہے کہ دیار غیر میں جابسنے والے پاکستان کی شناخت متعارف کرانے میں کوئی عار محسوس نہیں کرتے اور روزگار کے ساتھ ساتھ وہاں کے لوگوں میں دعوت وتربیت کا فریضہ سرانجام دیتے رہتے ہیں۔

سید وقاص جعفری نے اپنے خطاب میں کہا کہ یورپ میں اسلامک کلچرل سنٹر ناروے درحقیقت ایک جدوجہد کا نام ہے اسلام کی ترویج واشاعت کی علامت ہے۔ انہوں نے کہا کہ یورپ کی مسلم کمیونٹی اسلامک کلچرل سنٹر کو اپنے لئے ایک شجرِ سایہ دار سمجھتی ہے جس کے سائے تلے وہ روحانی فیض حاصل کرتے ہیں۔ اظہر اقبال حسن نے مصنف کی تعلیمی کاوشوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان کتب میں زندگی کے اجتماعی امور پر راہنمائی کی گئی ہے۔ یہ کتب تعلیم وتدریس کے شعبہ سے وابستہ افراد کے لئے معاونت کے فرائض سرانجام دے گی۔





کتاب کے مصنف محمد اظہر علی نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ کتب میرے اس شوق کا لاوا ہیں جو مجھے اور میرے خاندان کو یورپ میں مسلم کمیونٹی کو اسلام اور اسلامی تعلیم سے وابستہ رکھنے اور وطن عزیز پاکستان میں تعلیم سے محروم مستحق طلباء کی محرومی دور کرنے کی کوششوں میں مصروف رکھے ہوئے ہے۔ اپنی کتاب ''خوابوں کے پھول، حقیقت کے روپ'' کے حوالے سے انہوں نے بتایا کہ اس کتاب میں غزالی سکول اڈہ پل 93 کے حوالے سے رپوتاژ کی شکل میں پاکستان میں تعلیم، جذبۂ خدمت کی روداد بیان کی گئی ہے۔ سکول بننے کے حالات اور اس راہ میں کی جانے والی ان کوششوں کے متعلق آگاہ کیا گیا ہے جن سے غزالی سکول کا قیام تجویز اور تخیل سے باہر نکل کر علاقہ کا ایک معیاری ادارہ بننے میں کامیاب ہوا ہے۔ ''شوق کا اجالا'' پر تبصرہ کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہم نے یہ کوشش کی ہے کہ یورپ میں جابسنے والے مسلمان وہاں جاکر اپنی شناخت کو مت بھولیں اور کم ازکم ایک مرکز ایسا ہو جہاں وہ اپنے مسائل کا حل تلاش کرسکیں اس مقصد کے لئے وہاں اسلامک کلچرل سنٹر کا قیام عمل میں لایا گیا اور اس کتاب میں یہی روداد بیان کی گئی ہے کہ ہم نے کیا جدوجہد کی ہے اور اپنے مقصد میں کس حد تک کامیاب ہوئے ہیں۔ مقررین نے مشترکہ طور پر اظہر علی کی تعلیمی میدان میں عملاً کاوشوں کو سراہا اور کہا کہ اظہر علی نے اپنے رفقاء کے ہمراہ یورپ میں پاکستان کے غریب طلبہ کو تعلیم کی فراہمی کی غرض سے اسلامک کلچرل سنٹر کے پلیٹ فارم سے فنڈ ریزنگ کی ہے جو یقیناً مستحق پاکستانی طلباء کے لئے اہل یورپ کا تحفہ ہے۔




## غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ: غیر سیاسی، غیر تجارتی، غیر منافع بخش

- دیہی پاکستان میں سب سے بڑا تعلیمی نیٹ ورک
- ماہرین تعلیم اور ممتاز شخصیات کی سرپرستی اور معانت
- سولہ سو سے زائد محنتی، سرگرم اور مخلص اساتذہ
- ہر شعبے اور ہر دائرے میں متحرک، تیز اور مؤثر منصوبہ بندی
- کم خرچ، خودکفالت اور شراکتی طرز عمل کے لیے منفرد نظام







"Better society through value based education"

### آپ کا حصہ

- ایک اسکول کی سالانہ تعلیمی ضروریات کیلئے Rs. 100,000
- لائف ٹائم ممبر شپ Rs. 100,000
- ایک مستحق طالب علم کی سالانہ تعلیمی کفالت کیلئے Rs. 10,000

اس کے علاوہ بھی آپ مقدور بھر امداد سے تعلیم کیلئے مدد کر سکتے ہیں۔

آپ اپنے عطیات، کیش، منی آرڈر، بنک ڈرافٹ کے ذریعے بھجوا سکتے ہیں یا براہ راست ہمارے اکاؤنٹ میں جمع کروا سکتے ہیں۔


Pakistan Rupees Account

A/c No. 0007-0081-047153-01-4
**AL-Habib BANK LTD.** New Garden Town, Lahore - Pakistan.

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ

آیئے! تعمیر کردار اور تعمیر جہاں کی اس منفرد تحریک کے دست وبازو بنیئے۔

5-E ثمن برگ جوہر ٹاؤن لاہور
فون: 35222705 ,35222702 42 92+ فیکس: 35222729 42 92+







## ہمارے مہمان

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کی تعلیمی خدمات کا دائرہ کار وسیع ہونے کے ساتھ ساتھ اس کے معاونین کی تعداد میں بھی اضافہ ہوتا جا رہا ہے۔ اس ضمن میں ٹرسٹ اور دیگر اداروں کے ذمہ داران اور اندرون و بیرون ملک مقیم معاونین میں ملاقاتوں اور مختلف تعلیمی امور پر تجاویز اور آراء پر تبادلوں کا سلسلہ جاری رہتا ہے اور تعلیمی معاونت کو وسیع اور مشن کا دائرہ کار بڑھانے پر غور کیا جاتا ہے۔ اسی ضمن میں گذشتہ سہ ماہی میں درج ذیل افراد نے صدر ٹرسٹ سید وقاص جعفری، ممبر بورڈ آف ڈائریکٹرز عامر محمود چیمہ اور محمد مشتاق مانگٹ اور ایگزیکٹو ڈائریکٹر سید عامر محمود سے ملاقاتیں کیں اور پاکستان کی مجموعی تعلیمی صورتحال کا جائزہ لینے کے ساتھ ساتھ ٹرسٹ کے مختلف تعلیمی پروجیکٹس پر بھی تبادلہ خیال کیا اور ٹرسٹ کی تعلیمی کاوشوں کو سراہتے ہوئے ذمہ داران کو ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا۔

مہمانان کے نام یہ ہیں: محمد اکرم (جرمنی)، اظہر علی (ناروے)، عبدالغفور (بحرین)، ڈاکٹر شعیب (بحرین)، ڈاکٹر شجاع سلیم (امریکہ)، چوہدری اخلاق (سویڈن)، زبیر ملک (برطانیہ)، سید شوکت علی (برطانیہ)، یونس شاہد (امریکہ)، شاہد اقبال (کویت)، عبدالستار طاہر (ناروے)، زاہد ترمذی (دبئی)، ڈاکٹر محمد شفیق (دہران، سعودی عرب)

ٹرسٹ کے ذمہ داران نے اس امر کا اظہار کیا ہے کہ معاونین سے ملاقاتیں اور دو طرفہ امور پر تبادلہ خیال ادارے کی تعلیمی سرگرمیوں کا دائرہ کار وسیع کرنے میں معاون ثابت ہونگی۔


## نئے سکولوں کا آغاز

ضلع خوشاب میں دو سکولز نلی اور 44/MB جبکہ ضلع میانوالی میں غزالی ماڈل سکول عالم خیل کے آغاز کے بعد ان علاقوں کے بچوں کے لئے علم کے حصول کا ایک اور دروازہ کھل گیا ہے جس میں داخل ہو کر یہاں کے طلبہ و طالبات معیاری تعلیم سے مستفید ہو سکیں گے۔




غزالی سکول عالم خیل کا افتتاح صدر ٹرسٹ سید وقاص جعفری، غزالی سکول نلی میں ایگزیکٹو ڈسٹرکٹ آفیسر کمیونٹی ڈویلپمنٹ خوشاب اکبر طارق جبکہ غزالی سکول 44/MB میں سابق پولیس آفیسر ملک اقبال حسین اعوان نے کیا۔ افتتاح کے موقع پر ان علاقوں کی سماجی و سیاسی شخصیات اور اہل علاقہ نے شرکت کی۔ یاد رہے کہ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کی تعلیمی کاوشوں کے اعتراف میں ضلع خوشاب 44/MB کی معزز شخصیت چوہدری محمود خان نے سکول کے لئے اپنی بلڈنگ ایک سال کے لئے مفت دی ہے۔ اس بھرپور اعتماد پر غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کی انتظامیہ نے چوہدری محمود خان کا شکریہ ادا کیا اور اس امید کا اظہار کیا کہ وہ مستقبل میں بھی ادارے کی سرپرستی کرتے رہیں گے اور ان کے تعاون کی کاوشیں یونہی جاری رہیں گی۔

---



**غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے تمام سکولز میں ہر سال ایک نئی کلاس کا اضافہ ہوتا ہے۔**

**ان کلاسز کے لئے چھت، فرنیچر اور دیگر ضروریات کی فراہمی ایک بڑا چیلنج ہے۔**

آگے بڑھیں اور اپنے دوستوں کو بھی آمادہ کریں۔
کسی ایک کلاس روم کے لئے ضروریات کی فراہمی بڑی تعداد میں نونہالان قوم کو اپنے نئے تعلیمی سفر کے بہتر آغاز کا موقع فراہم کرے گی۔

نام ____________________

ایڈریس ____________________

____________________

فون ____________________

موبائل ____________________

ای میل ____________________

دستخط ____________

آیئے اس "روشن مستقبل مہم" میں حصہ دار بن کر امید، تعاون اور علم کی روشنی کے سفر کو آگے بڑھایئے۔